BRAMPTON

**Media Release**

برائے فوری اجراء

# سٹی آف برامپٹن نے انوویشن ڈسٹرکٹ میں عالمی رابطوں کو مضبوط کرنے کے لیے NASSCOM کے ساتھ شراکت داری کی ہے

برامپٹن، آن (5 مئی 2022) – سٹی آف برامپٹن ایک بڑھتے ہوئے جدت اور ٹیکنالوجی کے شعبے کے ساتھ ایک دانستہ اور اہم تبدیلی کے دہانے پر کھڑا ہے جو عالمی کاروباروں کے لیے مواقع سے بھرا ہوا ہے۔ آج، سٹی نے برامپٹن میں *لانچ پیڈ پروگرام* کے قیام کے لیے نیشنل ایسوسی ایشن آف سافٹ ویئر اینڈ سروسز کمپنیز (NASSCOM) آف انڈیا کے ساتھ مفاہمت کی ایک یادداشت پر دستخط کیے ہیں۔ برامپٹن کینیڈا کا وہ واحد شہر ہے جسے اس پروگرام کی توسیع کے لیے منتخب کیا گیا ہے۔

اس شراکت داری کے ذریعے، *لانچ پیڈ پروگرام* ہندوستان کی حکومت اور مقامی ٹیکنالوجی ماحولیاتی نظام کے درمیان روابط بڑھا کر انفارمیشن ٹیکنالوجی (IT) کمپنیوں کی عالمی توسیع کے لیے ایک زبردست محرک کے طور پر کام کرے گا۔ اس پروگرام کے شرکت کنندگان کو مختلف خطوں میں حکومتی ضوابط، ٹیکس کی منصوبہ بندی اور مراعات میں معاونت کے ساتھ، غیر ملکی منڈیوں میں کام کرنے کے لیے بہتر رسائی حاصل ہو گی۔

Brampton BHive – ڈاون ٹاؤن برامپٹن میں بین الاقوامی کاروباروں کی آمد کے لیے آسانی اور سہولت پیدا کرے گا – اور یہ پروگرام میں شرکت کرنے والی IT کمپنیوں کے لیے ایک مقامی بنیاد کے طور پر کام کرے گا۔

## نیشنل ایسوسی ایشن آف سافٹ ویئر اینڈ سروسز کمپنیز (NASSCOM)

NASSCOM ہندوستان میں ٹیکنالوجی کی صنعت کا سب سے بڑا تجارتی ادارہ اور چیمبر آف کامرس ہے اور اس میں 3,000 سے زیادہ ممبر کمپنیاں شامل ہیں جن میں ہندوستانی اور ملٹی نیشنل دونوں طرح کی تنظیمیں شامل ہیں جو اس وقت ہندوستان میں کام کر رہی ہیں۔ اس کی رکنیت صنعت کے تمام شعبوں میں سٹارٹ اپس سے لے کر ملٹی نیشنلز تک اور پروڈکٹس سے لے کر سروسز، گلوبل سروس سنٹرز اور انجینئرنگ کی فرموں تک پھیلی ہوئی ہے۔

## برامپٹن کے انوویشن ڈسٹرکٹ کے بارے میں

انوویشن ڈسٹرکٹ، جو ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن میں واقع ہے، اسٹارٹ اپ اسکیلنگ، سرمایہ کاری کی کشش اور ہنر کی نشوونما پر توجہ مرکوز کرتا ہے اور کاروباری افراد اور نئے کاروبار کے لیے مقامی بنیاد کے طور پر مدد فراہم کرتا ہے۔ یہ جدت اور ٹیکنالوجی کمپنیوں کو ان کے کام کو آگے بڑھانے میں معاونت کے لیے وسائل کی پیشکش بھی کرتا ہے۔

2019 میں شروع ہونے والے معاہدوں کے ساتھ، سٹی نے اپنے انوویشن ڈسٹرکٹ میں تقریباً 20.5 ملین ڈالر کی رقم خرچ کرنے کا عزم کیا ہے، جس میں انوویشن ڈسٹرکٹ کے شراکت داروں کی جانب سے بھی تقریبًا 55.2 ملین ڈالر کی سرمایہ کی جائے گی۔

انوویشن ڈسٹرکٹ کے شراکت داروں میں انٹرپرینیوریل، بزنس انکیوبیشن، پوسٹ سیکنڈری ٹریننگ اور ایکسلریٹر اسپیسز مثلاً برامپٹن انٹرپرینئور سنٹر، بی ہائیو (BHive) برامپٹن، ٹورانٹو میٹروپولیٹن یونیورسٹی کی قیادت میں وینچر زون، ایلٹی چیوڈ ایکسلریٹر، فاؤنڈر انسٹی ٹیوٹ، الگوما یونیورسٹی اور راجرز سائبر سیکیور کیٹالِسٹ ہیڈکوارٹرز اور ایکسلریٹر شامل ہیں۔ انوویشن ڈسٹرکٹ کی تعمیر میں شیریڈن ایچ، برامپٹن بورڈ آف ٹریڈ اور ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن BIA بھی کلیدی شراکت دار ہیں۔

## برامپٹن BHive کے بارے میں

سٹی آف برامپٹن نے BHive، جو انوویشن ڈسٹرکٹ میں واقع ہے، کی صورت میں ایک پرکشش ترغیب کا آغاز کیا ہے جس کا مقصد اگلی نسل کے جدت پسندوں کو تقویت پہنچانا، ان کے سفر میں تیزی لانا اور انٹرپرینیئورز کے بارے میں مثبت تاثر کو

اجاگر کرنا ہے اور مجموعی طور پر معیشت اور کمیونٹی کو اگلے درجے تک لے کر جانا ہے۔ ٹورنٹو بزنس ڈویلپمنٹ سنٹر کے اشتراک سے قائم کردہ BHive کا مقصد ایسی غیر ملکی انٹرپرینیئورز کو اپنی جانب راغب کرنا ہے جو سٹارٹ اپ ویزا کے ذریعے کینیڈا میں نئے اور وسعت پذیر کاروبار قائم کرنا چاہتے ہیں۔ کامیاب درخواست دہندگان کو مستقل رہائش فراہم کی جائے گی اور ان کے 6 ماہ کے انکیوبیشن پروگرام کے دوران انہیں کئی مختلف وسائل فراہم کیے جائیں گے، بشمول دفتر کی جگہ، نیٹ ورکنگ کے مواقع اور کاروباری معاونت کی خدمات فراہم کرنا۔

انوویشن ڈسٹرکٹ کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، ملاحظہ کریں www.bramptoninnovationdistrict.com یا سٹی کی ویڈیو دیکھیں، جس میں اس اختراعی ماحولیاتی نظام کے مثبت اثرات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ BHive کے متعلق مزید جاننے کے لیے thebhive.ca ملاحظہ کریں۔

**اقتباسات**

"اس پوری مدت کے دوران، برامپٹن سٹی کونسل نے برامپٹن کو جدت طرازی میں ایک رہنماء اور سرمایہ کاری کے لیے ایک اہم مقام کے طور پر آگے بڑھانے کو ترجیح دی ہے۔ NASSCOM جیسے بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ تعلقات کو مضبوط بنانے کے ذریعے، ہم مقامی معاشی فوائد فراہم کرتے ہوئے عالمی سطح پر برامپٹن کی پروفائل کو آگے بڑھا رہے ہیں۔ میں اپنے شراکت داروں کے ساتھ اس اہم کام کو جاری رکھنے کا منتظر ہوں!"

*- پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"مقامی، قومی اور بین الاقوامی اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مسلسل تعاون کے ذریعے، برامپٹن کا انوویشن ڈسٹرکٹ ان وسائل اور خدمات تک رسائی فراہم کرنے کے لیے ایک منفرد مقام رکھتا ہے جو مقامی کاروباری افراد اور کاروباری اداروں کو ترقی کی منازل طے کرنے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔ یہ شراکت داری اس کام کو مزید تیز کرے گی جو ہم نے آج تک ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن میں ایک اختراعی اور کاروباری ماحول کی تعمیر کے لیے کیا ہے۔"

*مارٹن میڈیروس، ریجنل کونسلر، وارڈز 3 اور 4؛ چیئر، اکنامک ڈیویلپمنٹ، سٹی آف برامپٹن*

"اب جبکہ ہم وبائی مرض کے بعد دوبارہ بحالی کا عمل جاری رکھے ہوئے ہیں، تو سٹی کو NASSCOM کی طرف سے ذاتی طور پر ایک وفد کا خیرمقدم کرنے اور ہمارے بڑھتے ہوئے انوویشن ڈسٹرکٹ کے اہم شراکت داروں سے مہمانوں کو متعارف کرانے کا موقع ملنے پر بہت خوشی محسوس ہو رہی ہے۔ مسلسل سرمایہ کاری اور تعاون کے ذریعے، ہم بین الاقوامی توجہ مسلسل اپنی جانب مبذول کرا رہے ہیں جو برامپٹن کو جدت طرازی میں ایک عالمی رہنماء کے طور پر سامنے لے کر آ رہا ہے۔"

*- پال ویسینٹے، ریجنل کونسلر وارڈز 1 اور 5؛ وائس چیئر، اکنامک ڈیولپمنٹ، سٹی آف برامپٹن*

"NASSCOM جیسے شراکت داروں کے ساتھ، انوویشن ڈسٹرکٹ اپنے ایکو سسٹم کو بڑھانے کا عمل جاری رکھے ہوئے ہے تاکہ کاروباروں کو جدت اور ٹکنالوجی میں ایسے ٹُولز اور وسائل فراہم کیے جائیں جن کی انہیں ترقی کے لیے ضرورت ہے۔ عالمی شراکت داری اور مشترکہ علم اور بہترین طریقوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے، برامپٹن کاروباروں کے لیے سرمایہ کاری کی ایک بے مثال منزل بنتا جا رہا ہے۔"

*- کلیہر بارنیٹ، ڈائریکٹر، اکنامک ڈیولپمنٹ اینڈ کلچر، سٹی آف برامپٹن*

30--

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca